| | گجرات | بہار | پنجاب | راجستھان | ہریانہ |
| ۴ | ایک | دو | تین | چار | پانچ |
| | چھ | سات | آٹھ | نو | دس |
| ۵ | بابر | ہمایوں | اکبر | شاہ جہاں | جہانگیر |
| | ظفر | داراشکوہ | تغلق | ٹیپوسلطان | قلی قطب |
| ۶ | گنگا | جمنا | برہماپترا | نرمدا | گوداوری |
| | کاویری | مہاندی | یمنا | ستلج | کرشنا |
| ۷ | ہندوستان | پاکستان | چین | جاپان | بنگلہ دیش |
| | افغانستان | سری لنکا | فرانس | کیوبا | قطر |
| ۸ | گاندھی | نہرو | آزاد | امبیڈکر | سردار پٹیل |
| | بھگت سنگھ | منگل پانڈے | لاجپت رائے | حسرت موہانی | رانی لکشمی بائی |
| ۹ | ہاتھی | شیر | چیتا | لومڑی | اونٹ |
| | گھوڑا | زراف | بکری | گینڈا | ہرن |
| ۱۰ | چار مینار | گول گنبد | تاج محل | قطب مینار | بلند دروازہ |
| | لال قلعہ | ہوا محل | میسور و پیالس | جنتر منتر | انڈیا گیٹ |

# تلفظ الفاظ

I ان مرکبات کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے: (K) **Two Mark Questions**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | روز و.............................. | ۱۱ | لفظ و.............................. |
| ۲ | علم و.............................. | ۱۲ | سود و.............................. |
| ۳ | غور و.............................. | ۱۳ | جدید و.............................. |
| ۴ | نشیب و.............................. | ۱۴ | ارض و.............................. |
| ۵ | حُسن و.............................. | ۱۵ | نظم و.............................. |
| ۶ | طول و.............................. | ۱۶ | ابد و.............................. |
| ۷ | شب و.............................. | ۱۷ | راس و.............................. |
| ۸ | درد و.............................. | ۱۸ | مہر و.............................. |
| ۹ | صبح و.............................. | ۱۹ | دشت و.............................. |
| ۱۰ | عیش و.............................. | ۲۰ | جنگ و.............................. |

....................................

# مکتوب نگاری

**Five Mark Questions**

۱ اپنے کالج کے پرنسپال نے نام خط لکھ کر اپنی ٹرانسفر سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی درخواست کیجیے۔(A)

۲ اپنے شہر کے میونسپل کمشنر کے نام خط لکھ کر اپنے علاقہ کی صفائی کروانے کی درخواست کیجیے۔(A)

۳ اپنے شہر کے محکمہ سربراہی آب کے چیف انجینئر کے نام خط لکھ کر اپنے علاقہ میں سربراہی آب(Water Supply) کے مسئلہ کی یکسوئی کے لیے درخواست کیجئے۔(A)

۴ چیرمین کرناٹک روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن بنگلور کے نام خط لکھ کر اپنے علاقے میں سٹی بس سرویس کی فراہمی کا مطالبہ کیجیے۔(A)

۵ اپنے کالج کے پرنسپال کے نام خط لکھ کر بہ وجہ خرابی صحت، دو دنوں کی رخصت منظور کرنے کی درخواست کیجیے۔(A)

۶ اپنے شہر کے ایگزیکٹیو انجینئر الیکٹرسٹی بورڈ کے نام خط لکھ کر برقی (Electricity) کی مسلسل فراہمی اور اپنے علاقے کی سڑکوں پر اسٹریٹ لائٹس نصب کرنے کی درخواست کیجیے۔(A)

....................................

# مطالعہ کی اہمیت اور طریقہ کار

I ذیل کے اقتباس کو پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھیے:(C) **Five Mark Questions**

1 مطالعے کی عادت، عمدہ اور قابلِ تقلید عادت ہے۔ اسی لیے مطالعے کو نہ صرف شریفانہ فعل سے بلکہ حکیمانہ فعل سے تعبیر کیا گیا ہے۔ انسانی زندگی میں مطالعے کی اہمیت اس وجہ سے بھی ہے کہ یہ علم کے حصول کا واحد ذریعہ ہے۔ مطالعے کے بغیر نہ علم حاصل ہوسکتا ہے اور نہ ہی ذہنی نشو ونما اور ترقی ممکن ہے۔ ذہنی نشو ونما اور ترقی کے ضمن میں مطالعے کو وہی اہمیت حاصل ہے، جو جسم کے لیے ورزش کی ہے۔ مطالعہ انسان کو زندگی کا سلیقہ سکھاتا ہے۔ اس کی تنگ نظری اور تعصب کو مٹا کر دلوں کو فراخ دلی اور محبت کے جذبات سے سرشار کرتا ہے۔

مطالعے کی غیر معمولی اہمیت کے باوصف اپنے ذوق مطالعہ کو مہمیز کرنے اور خوب سے خوب تر علم حاصل کرنے کے ضمن میں مناسب کتابوں کا انتخاب خاصی توجہ کا تقاضہ کرتا ہے۔ بلاشبہ کتابیں علم کا دروازہ Gateway of Knowledge ہوتی ہیں کیوں کہ دنیا کے سارے بڑے بڑے حکیموں کی حکمتیں اور دانشوروں کی دانشوری کتابوں ہی کی مرہون منت ہے۔

اپنے مزاج اور ضرورت کے مدنظر کسی کتاب، مضمون یا اخبار کی تحریر کے انتخاب کے بعد یہ طے کرنا ضروری ہے کہ اس کے مطالعے کی غرض وغایت کیا ہے۔ کیوں کہ بقول مولوی عبدالحق: ''بغیر کسی مقصد کے مطالعہ فضول ہی نہیں مضر بھی ہوتا ہے''۔ پھر جو چیز پڑھنی ہے، یہ ضروری نہیں ہے کہ اُسے ابتدا سے آخر تک پڑھا جائے۔ مطالعہ کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ پہلے زیر مطالعہ تحریر پر سرسری نگاہ ڈال لی جائے اور اندازہ کرلیا جائے کہ اپنے لیے ضروری مواد تحریر میں کہاں کہاں موجود ہے۔ پھر ان نشان زد حصوں کو پڑھ لینے سے کم وقت میں مطلوبہ معلومات کا حصول ممکن ہے۔ مطالعے کے لیے لازم شرط ہے کہ مطالعے کے وقت اطمینان وسکون اور خلوص وسنجیدگی کے دامن کو تھامے رکھا جائے۔ ممتاز ماہر تعلیم لارڈ میکالے کا قول ہے۔ ''جلد بازی سے پوری کتاب پڑھ لینے سے بہتر ہے کہ صرف ایک صفحہ سکون واطمینان اور دل جمعی سے پڑھا جائے۔''

**سوالات**

١ مطالعے کی عادت کیسی عادت ہے؟

٢ مطالعے کے بغیر کیا ممکن نہیں ہے؟

٣ بلاشبہ کتابیں کیا ہوتی ہیں اور کیوں؟

٤ مولوی عبدالحق نے مطالعے کے بارے میں کیا کہا ہے؟

٥ مطالعے کے لیے لازم شرط کیا ہے؟

.........................................

2 کائنات میں انسان کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ وہ اس زمین پر اللہ کا خلیفہ ہے۔ اس کی ضروریات کے پیش نظر دنیا کی ساری چیزوں کو اس کے زیرِ تصرف کردیا گیا ہے۔ ان اشیاء میں جاندار بھی ہیں اور بے جان بھی۔

ایک جرثومہ (بیکٹیریا) سے لے کر سورج جیسے فلکی اجسام سبھی انسان کی خدمت اور نفع رسانی کے لیے تخلیق کیے گئے ہیں۔ شجر، حجر، معدنیات، ہوا، پانی، جنگلات، قدرتی دولت، حیوانات، چرند و پرند اور خود انسان اس عظیم ماحول کا حصہ ہیں۔ جب تک ماحول کے یہ اجزا فطری انداز میں ایک دوسرے سے روبہ عمل رہے قدرت یا فطرت کا توازن ٹھیک ٹھاک رہا، ساری دنیا کا نظام معمول کے مطابق رہا اور انسان اپنے ماحول سے پوری طرح فیض یاب ہوتا رہا۔ مگر بڑھتی ہوئی آبادی، سائنسی انکشافات کے غلط استعمال اور انسانی ہوس نے قدرت میں دراندازی شروع کر دی۔ زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی لالچ میں یہ استحصال بڑھتا گیا۔ اس نے اپنی سہولت اور فائدے کی خاطر پل، باندھ، کالونیاں، فلک بوس عمارتیں، کارخانے وغیرہ بنائے۔ نیز قدرتی ماحول میں مداخلت کرتے ہوئے جنگلات کی صفائی کی، سمندروں کو پاٹ کر زمین کی بازیابی کی، ساحلی علاقوں کے مینگروز، ماونگے کی چٹانوں اور کھاڑیوں کو ختم کر کے انسانی آبادی کو بسایا۔ اس طرح یہ تعمیرات بھی ان ماحول کا حصہ بن گئیں۔

سائنس کی ترقیات نے جہاں زندگی کو سہولت بخش اور پرتعیش بنایا وہیں انسانی طمع نے اطراف کے ماحول کو متاثر کیا اور رفتہ رفتہ ہوا کی آلودگی کا مسئلہ انسانی گرفت سے باہر ہو گیا۔ غذا کی آلودگی اور آواز سے پیدا ہونے والی آلودگی نے انسانی صحت و زندگی پر اپنے منفی اثرات مرتب کیے۔ حکمرانوں اور سائنس دانوں کو اب چل کر احساس ہوا کہ آلودگی کا یہ مسئلہ انسانی گرفت سے کہیں دور نکل چکا ہے۔

مختلف قسم کی آلودگیوں کی یوں تو مختلف وجوہات ہیں مگر عمومی طور پر انھیں یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ آبادی کے اضافے، صنعتیانے اور شہریانے کے عمل نے آلودگی کو جنم دیا ہے۔

فضا کی آلودگی سے کئی مسائل پیدا ہوئے، جیسے اوزون گیس کے غلاف کا پتلا ہو جانا، گرین ہاؤس اثرات، عالمی حدت، موسموں میں یکلخت تبدیلیاں اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والے طوفان، سیلاب، وغیرہ۔

پانی کے بغیر انسانی زندگی کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ اس گمبھیر مسئلے کے دو پہلو ہیں۔ پانی کے گھٹتے ذخائر نیز پانی کی آلودگی اس آلودگی کے لیے کئی عوامل ذمہ دار ہیں۔ ہماری صنعتیں، بطور خاص رنگ، کیمیات، کھاد، جراثیم کش ادویات ایک طرف تو گہرا گھنا دھواں چھوڑ کر ہوا کو آلودہ کرتی ہیں دوسری جانب ایسے صنعتی فاضل مادے خارج کرتی ہیں جو تالابوں، ندیوں حتیٰ کہ سمندروں کو آلودہ کرتے رہتے ہیں۔ پانی کو اگر اکسیر یا آبِ حیات سے تشبیہ دی جاتی ہے تو یہ عین اس کی اہمیت و افادیت کے پیش نظر بالکل درست ہے مگر یہی پانی اگر آلودہ ہو جائے تو انسانی زندگی کو پریشانیوں اور بیماریوں سے بھر دیتا ہے۔

آواز کی آلودگی نے بھی انسان کے ماحول اور اس کے معاشرے کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ انسانی ترقی (سائنسی ترقی) کے اضافے کے ساتھ آواز کی آلودگی بھی متناسب انداز میں بڑھی ہے۔ دن رات چلتی مشینیں، کارخانے، دوڑتی ہوئی گاڑیاں، گھریلو اور صنعتی مشینیں، انسانی آبادی کا شور، لطف اندوزی کے ذرائع جیسے سینما، ٹی وی، لاؤڈ اسپیکر وغیرہ مسلسل آواز پیدا کر کے انسان کے سکون، ذہنی آسودگی اور صحت کو متاثر کر رہے ہیں۔

اس طرح مختلف قسم کی آلودگیوں نے اس حسین کرّے کو کچھ اس طرح اپنے شکنجے میں کس لیا ہے کہ پورا ماحولی نظام لڑکھڑا گیا ہے۔ اس میں بسنے والے چاہے وہ جانور ہوں، پودے یا انسان سبھی اس کی گرفت میں ہیں۔

**سوالات**

۱ انسان کی خدمت اور نفع رسانی کے لیے کون کون تخلیق کیے گئے ہیں؟

۲ ماحول کا حصہ کون ہیں؟

۳ فضا کی آلودگی سے کون سے مسائل پیدا ہوئے ہیں؟

۴ آبی آلودگی کے لیے کونسے عوامل ذمہ دار ہیں؟

۵ آواز کی آلودگی کے اسباب کیا ہیں؟

..................................

3 ہماری دنیا ان دنوں بہت سے مسائل سے دوچار ہے۔ ان میں بیشتر مسائل ہمارے خود پیدا کردہ ہیں۔ گلوبل وارمنگ بھی ان میں سے ایک ہے۔ اس مضمون میں یہ بتایا گیا ہے کہ گلوبل وارمنگ کسے کہتے ہیں اور ہمیں اس کے مضر اثرات سے بچنے کے لیے کیا تدبیریں اختیار کرنی چاہئیں۔

ہوائی کُرّہ مختلف گیسوں کا آمیزہ ہے۔ ان گیسوں میں ایک خاص تناسب پایا جاتا ہے۔ یہ گیسیں نہ صرف انسانوں کے وجود کے لیے بلکہ زمین پر بسنے والے تمام جانداروں کے لیے بے حد اہم ہیں۔

یہ گیسیں زمین کو چاروں طرف سے شامیانے کی طرح گھیر کر سورج سے حاصل کردہ گرمی کو زمین کے ماحول سے پوری طرح اشعاعِ حرارت کے ذریعے باہر نہیں جانے دیتیں اور حرارت کے توازن کو قائم رکھتی ہیں۔ گیسوں کا امتزاج کم یا زیادہ ہونے سے ان کا تناسب بگڑتا ہے تو زمین پر موسمی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔

سائنس دانوں نے گذشتہ سو برسوں کے درجۂ حرارت کا مطالعہ کیا ہے اور وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ زمین کا درجۂ حرارت مسلسل بڑھتا جا رہا ہے۔ یہ اضافہ خاص ان گیسوں کی وجہ سے ہوتا ہے جنھیں گرین ہاؤس گیسیں کہتے ہیں۔ کاربن ڈائی آکسائڈ کے علاوہ میتھین، نائٹرس آکسائڈ، ہیلیو کاربن اور کلورو کاربن، گرین ہاؤس گیسیں ہیں۔ ان میں چونکہ کاربن ڈائی آکسائڈ سب سے زیادہ مقدار میں کرۂ ہوا میں موجود ہے، اس لیے کاربن ڈائی آکسائڈ کی وجہ سے حرارت کرۂ ہوا سے باہر نہیں نکل پاتی۔ فضا میں مقید رہتی ہے اسی لیے درجہ حرارت میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔ دنیا میں درجۂ حرارت کے اسی اضافے کو گلوبل وارمنگ کہتے ہیں۔ غور طلب بات یہ ہے کہ کاربن ڈائی آکسائڈ میں غیر معمولی اضافے کا ذمے دار کوئی اور نہیں بلکہ زمین پر بسنے والے انسان ہیں۔

دراصل جب ہم ٹی وی دیکھتے ہیں، ایر کنڈیشن استعمال کرتے ہیں، بجلی جلاتے ہیں، کار چلاتے ہیں، ویڈیو گیم سے لطف اندوز ہوتے ہیں، اسٹیریو سنتے ہیں، واشنگ مشین، ڈش واشر یا مائکروویو کا استعمال کرتے ہیں تو گرین ہاؤس گیسیں پیدا کر کے انھیں فضا میں منتشر کرنے کا سبب بنتے ہیں۔

گذشتہ سو برسوں میں بڑی تعداد میں کارخانے قائم ہوئے۔ موٹر گاڑیوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوتا گیا اور کوئلہ، معدنی تیل اور جنگلات کو توانائی حاصل کرنے کے لیے ایندھن کے طور پر خوب استعمال کیا گیا۔ صنعتوں اور ٹکنالوجی نے بہت ترقی تو کی لیکن ترقی کی اندھا دھند دوڑ میں انسان نے کرۂ ہوا میں اس قدر کاربن ڈائی آکسائڈ جھونک دی کہ اب یہ گیس ہمارے لیے وبالِ جان بن گئی ہے۔

فضا میں کافی بلندی پر اوزون کی تہہ زمین پر چھائی ہوئی چھتری کی مانند ہے، جو سورج سے آنے والی بنفشی شعاعوں کو

جذب کر لیتی ہے اوران خطرناک اورمہلک شعاعوں کی بڑی مقدار کوز مین تک پہنچنے نہیں دیتی،لیکن گرین ہاؤس گیسوں کی وجہ سے یہ پرت تیزی کے ساتھ جگہ جگہ سے پھٹ رہی ہے اوراس میں شگاف پیدا ہور ہے ہیں۔ان شگافوں سے سورج کی مہلک شعاعیں جواوزون میں جذب ہوجاتی تھیں اب براہِ راست سطح زمین پر پڑتی ہیں۔

غرض بے لگام صنعتی ترقی، جدید ٹکنالوجی کے بے تحاشہ استعمال، قدرتی وسائل کے متوازن استعمال سے بے توجہی اورانسانی بے حسی نے دنیا کے لیے سنگین مسئلہ پیدا کردیا ہے۔اس کے مہلک اثرات کسی ایک یا دو ملک یا چند لوگوں تک محدود نہ رہیں گے بلکہ دنیا کا ہر جانداراس سے متاثر ہوگا۔

شاید اسی لیے پوری دنیا کی توجہ اس مسئلے کی طرف مرکوز ہو رہی ہے اور عالمی پیمانے پر گلوبل وارمنگ پر قابو پانے کی تدابیر اختیار کی جارہی ہیں۔توانائی حاصل کرنے کے ایسے وسائل تلاش کیے جارہے ہیں،جن سے ماحول پر بُرا اثر نہ پڑے۔قابل تجدید توانائی اور آلودگی سے پاک ٹکنالوجی پر مسلسل ریسرچ جاری ہے۔فضا میں کاربن کی مقدار کو کم کرنے اور شمسی توانائی کے استعمال کو فوقیت دینے پر زور دیا جارہا ہے۔

**سوالات**

١ ہوائی کرّہ کس کا آمیزہ ہے؟

٢ گرین ہاؤس گیسیں کونسی ہیں؟

٣ گلوبل وارمنگ کسے کہتے ہیں؟

٤ گرین ہاؤس گیسیں کس طرح پیدا ہو کر فضا میں منتشر ہوتی ہیں؟

٥ کس طرح کی ٹکنالوجی پر مسلسل ریسرچ جاری ہے؟

.....................................

4 ڈاکٹر کلام کا پورا نام ابوالفقی زین العابدین عبدالکلام ہے۔وہ 15/ اکتوبر 1931 کو ہندوستانی جنوبی ریاست تاملناڈو کے ضلع رامیشورم میں پیدا ہوئے۔آپ ایک غریب ماہی گیر گھرانے سے وابستہ تھے۔ انھوں نے خود اعتراف کیا ہے کہ اپنی ضروریات کی تکمیل کے لیے انھوں نے اخبارات فروخت کیے۔لیکن تعلیم کا سلسلہ منقطع نہیں کیا۔ ابتدائی تعلیم رسم ورواج کے مطابق مقامی مکتب میں حاصل کی۔بچپن سے ہی انھیں سائنس اور ٹیکنالوجی میں دلچسپی تھی۔ایروناٹیکل انجینئرنگ کی ڈگری انھوں نے سینٹ جوزف نامی کالج سے حاصل کی اور تعلیم کی تکمیل کے بعد وہ ISRO میں 1962 ملازم ہوگئے۔اپنی کوششوں کے بل بوتے پر مصنوعی سیارچہ SLV-3 کو منزل مقصود پر پہنچایا۔1982 میں انھوں نے DRDL میزائل شعبے میں حیدرآباد میں ملازمت اختیار کی اور بھرم موس، اگنی، ترشول، پرتھوی، آکاش وغیرہ کے کامیاب میزائل تجربات کیے۔پوکھرن کے نیوکلیر تجربہ میں وہ پیش پیش رہے۔

موصوف کو بچوں سے بے حد لگاؤ ہے۔ان کی نظروں میں طلبہ ہی ایسی ہستی ہیں، جو قابلِ فخر کام انجام دے سکتی ہے۔ وہ جب کسی موضوع پر گفتگو کرتے تو طلبا کی تعلیم وترقی کا تذکرہ ضرور کرتے ہیں۔طلبہ کو تجسسانہ انداز میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔

اپنی کوششوں اور جدوجہد کی بنا پر وہ 2002 میں ہندوستان کے صدر جمہوریہ منتخب ہوئے اور کئی کارہائے نمایاں انجام دیے۔کلام صاحب نے ذات پات، اندھی تقلید، بھید بھاؤ جیسی سماجی برائیوں کو اکھاڑ پھینکنے کی بھرپور کوشش کی

ہے۔انھوں نے یہ نظریہ پیش کیا کہ 2020 تک بھارت ترقی پذیر ملک نہ رہتے ہوئے ترقی یافتہ ممالک میں شمار کیا جائے گا۔ان کا یہ نظریہ Vision 2020 کے نام سے موسوم ہے۔

سائنس کے ساتھ ساتھ وہ ادب میں بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ان کی خودنوشت سوانح 'پرواز' بہت مقبول ہے۔

ڈاکٹر کلام کی ان نا قابل فراموش خدمات کو دیکھ کر علامہ اقبالؒ کا یہ شعر بے ساختہ لب پر چلا آتا ہے۔

آئین جواں مردی حق گوئی و بے باکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

**سوالات**

۱ ڈاکٹر عبدالکلام کا پورا نام کیا ہے؟

۲ ڈاکٹر کلام نے کون کونسی میزائلوں کے تجربے کیے؟

۳ ڈاکٹر کلام کب صدر جمہوریہ منتخب ہوئے؟

۴ ڈاکٹر کلام نے کن سماجی برائیوں کو اکھاڑ پھینکنے کی کوشش کی؟

۵ ڈاکٹر کلام کی خودنوشت سوانح حیات کا نام کیا ہے؟

..................................

5

یارب یہ التجا ہے کرم تو اگر کرے
مجھے ایسی دے کتاب جو دل پہ اثر کرے

ہمارے اخلاق، ہمارے کردار، اور ہمارے مستقبل کو بنانے اورسنوارنے میں عمدہ کتابیں ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔کتابیں انسان کو معلومات فراہم کرنے کا ایک اہم ذریعہ ہوتی ہیں اس کے ذریعہ سے ہم دنیا کے مختلف ممالک کے سیاسی،سماجی، تعلیمی حالات سے آگاہ ہوسکتے ہیں۔کتابیں دراصل علم کا پوشیدہ خزانہ ہوتی ہیں جس کو پڑھ کر ہم کچھ کرنے کے لیے ذہنی طور پر آمادہ ہوجاتے ہیں۔کتابوں میں بیان کیے گئے واقعات اور شخصیات سے متاثر ہوکر مطالعہ کرنے والے بھی اپنی زندگی میں تبدیلیاں لانے،اپنے اندر اعلیٰ قدریں پیدا کرنے اور اپنے اخلاق کو سنوارنے سے متعلق سوچتے ہیں۔

اس طرح عمدہ کتابیں انسانوں میں اچھے اخلاق پیدا کرنے اور زندگی کے اعلیٰ اقدار سے روشناس کرانے میں مدد گار ثابت ہوتی ہیں۔کبھی مشکل وقت میں جب تمام دوست احباب ساتھ چھوڑ جاتے ہیں تو ایسے میں ہم کتابوں کا سہارا لیتے ہیں۔کتابیں ہماری پریشانیوں اور اُداسی کو دور کرنے کا کام کرتی ہیں اور ہماری زندگی کو نئی اُمنگ عطا کرتی ہیں۔ہمیں مایوسی کی راہ سے ہٹا کر ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہیں۔کتابوں کا مطالعہ ایک بہترین مشغلہ اور شریفانہ فعل ہے۔دراصل کتاب ہی ایک ایسا انمول تحفہ ہے کہ جو اسے پڑھتا ہے، وہ پتھر سے سونا بن جاتا ہے،کوئلے سے ہیرا بن جاتا ہے۔اور قطرے سے سچا موتی بن جاتا ہے۔دنیا میں روحانی خوشی بھی حاصل ہوتی ہے،ساتھ ساتھ دل کو سکون اور آنکھوں کو ٹھنڈک بھی ملتی ہے۔کیوں کہ

کوئی ساتھی نہیں ہے کتاب سے معتبر

وقت گزارنے کا ایک اچھا طریقہ یہ ہے کہ ہم کتابوں سے دوستی کرلیں......اگر ہماری کتابوں سے دوستی ہو جائے تو ہم ایک کامیاب انسان بن سکتے ہیں کیوں کہ کتابیں ہمارے لیے ایک بہترین اثاثہ ہیں۔

گاندھی جی نے کہا ہے کہ : ''کتابوں کی قیمت جواہرات سے زیادہ ہے۔ کیوں کہ جواہرات باہری چمک دمک دکھاتے ہیں جب کہ کتابیں ضمیر کو پاکیزہ کرتی ہیں''۔

جارج برنارڈ شانے کہا ہے کہ ''خیالات کی جنگ میں کتابیں ہی ہتھیار ہیں''۔

اور ملٹن نے کہا ہے کہ : ''اچھی کتابیں انسان کے لیے بہترین سرمایہ ہیں''۔

مطالعے سے اپنے علم میں اضافہ کریں اور ساتھ ہی ساتھ اپنے دل و دماغ اور ذہن کو بھی روشن کریں۔

**سوالات**

۱ ہمارے اخلاق اور کردار کو سنوارنے میں کون اہم کردار ادا کرتی ہیں؟

۲ کتابیں ہمیں کس سے آگاہ کرتے ہیں؟

۳ کتابوں کے مطالعے کو کیوں بہترین مشغلہ کہا گیا ہے؟

۴ وقت گذارنے کا اچھا طریقہ کیا ہے؟

۵ گاندھی جی نے کتابوں کی اہمیت کے بارے میں کیا کہا ہے؟

.....................................

# ترجمہ

**I** **ان جملوں کا انگریزی یا کنڑ زبان میں ترجمہ کیجیے:** **Five Mark Questions**

۱ سورج مغرب میں غروب ہوتا ہے۔
۲ ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔
۳ کام عبادت ہے۔
۴ ہمیں اپنے اساتذہ کی عزت کرنی چاہیے۔
۵ بیجاپور ایک تاریخی شہر ہے۔
۶ بنگلور کو شہر گلستان بھی کہتے ہیں۔
۷ اردو ہماری مادری زبان ہے۔
۸ 26/جنوری کو ہم یوم جمہوریہ مناتے ہیں۔
۹ ٹیپو سلطان ''شیر میسور'' کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔
۱۰ ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم مولانا عبدالکلام آزاد تھے۔
۱۱ کتاب ہماری بہترین دوست ہے۔
۱۲ ہم ہر سال یوم اساتذہ مناتے ہیں۔
۱۳ پرہیز علاج سے بہتر ہے۔
۱۴ جہاں چاہ وہاں راہ۔
۱۵ تاج محل محبت کی نشانی ہے۔
۱۶ بچے کی پہلی استاد اس کی ماں ہوتی ہے۔
۱۷ برنداون باغ کی تعمیر سر مرزا اسماعیل نے کی تھی۔
۱۸ سوشیل میڈیا ہماری زندگی کا ناگزیر حصہ بن چکا ہے۔
۱۹ سوشیل میڈیا کو جمہوریت کا پانچواں ستون کہا جاتا ہے۔
۲۰ بنگلور، ریاست کرناٹک کا صدر مقام ہے۔

..............................

## BLUE PRINT FOR MODEL QUESTION PAPER - 1

**Max Marks : 100** **Time : 3.15 Hours**

| Appreciation 5% | Expression 25% | | | Comprehension 40% | | | Knowledge 30% | | Syllabus | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **5** | **5** | **4** | **2** | **5** | **4** | **2** | **2** | **1** | | |
| | | | | | | | | 1 | ٹیپو سلطان کی مذہبی رواداری | 1 |
| | | | | | 1 | 1 | 1 | 1 | بوڑھی کاکی | 2 |
| | | | | | 1 | | | 1 | وقت | 3 |
| | | | | | | 1 | 1 | 1 | منٹو | 4 |
| | | | | | | 1 | | 1 | سماجی میڈیا | 5 |
| | | | | | | 1 | 1 | 1 | زیور کا چکر | 6 |
| | | | | | | 1 | | 1 | شمس الرحمٰن فاروقی سے ایک ملاقات | 7 |
| | | | | | 1 | | | 1 | کرسی | 8 |
| | | | | | 1 | | | | ادب کیا ہے | 9 |
| | | | | | | 1 | 1 | 1 | خداحافظ | 10 |
| | | | | | 1 | 1 | | 1 | مکتوبات | 11 |
| | | | | | | | | | سورۂ فاتحہ | 12 |
| | | | | | | 1 | | | اے خدا | 13 |
| | | | | | | 1 | | | عورت | 14 |
| | 1 | | | | | 1 | 1 | | مثنوی گلزار نسیم | 15 |
| | | | | | | 1 | | | نوجواں سے | 16 |
| | 1 | | | | | 1 | | | اے شریف انسانو | 17 |
| | 1 | | | | | | | | امن نامہ | 18 |
| | | | | | | | | | ترانہ کرناٹک | 19 |
| | | | | | | 1 | | | مرثیہ | 20 |
| | | | | | | | | | وہ کیا دن تھے | 21 |
| | | | | | | 1 | | | جمال ہم نشیں | 22 |
| | | | 1 | | | | | | غزل ولی دکنی | 23 |
| | | | 1 | | | | | | غزل انشاءاللہ خان انشاء | 24 |

| 5 | 5 | 4 | 2 | 5 | 4 | 2 | 2 | 1 | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | | | | | | غزل ذوق دہلوی | 25 |
| | | | | | | | | | غزل داغ دہلوی | 26 |
| | | | | | | | | | غزل فانی بدایونی | 27 |
| | | | 1 | | | | | | غزل اصغر گونڈوی | 28 |
| | | | 1 | | | | | | غزل فراق گورکھپوری | 29 |
| | | | 1 | | | | | | غزل شہریار | 30 |
| | | | 1 | | | | | | غزل احمد فراز | 31 |
| | | | | | | | | | غزل وقار خلیل | 32 |
| | | | | | | | | | غزل حسنیٰ سرور | 33 |
| | | 1 | | | | | | | قطعات عبدالحمید عدم | 34 |
| | | 1 | | | | | | | قطعات نریش کمار شاد | 35 |
| | | | | | | | | | قطعات عزیز بیلگامی | 36 |
| | | | | | | | | 6 | محاورات (جملوں میں استعمال) | 37 |
| | | | | | | | | 3 | ضرب الامثال | 38 |
| | | | | | | | 1 | | کہاوتیں | 39 |
| | | | | | | | 2 | | تلمیحات | 40 |
| | | | | | | | | | علمِ عروض | 41 |
| | | | | | | | 2 | | بلاغت | 42 |
| | | | | | | | | | مضمون نویسی | 43 |
| 1 | | | | | | | | | مکتوب نگاری | 44 |
| | | | | | | | | 2 | اصلاحِ زبان | 45 |
| | | | | | | | | | کوائف شخصی | 46 |
| | | | | | | | 1 | | لغت شناسی (الفبائی ترتیب) | 47 |
| | | | | | | | 1 | | تلفظِ الفاظ (مرکبات) | 48 |
| | | | | 1 | | | | | مطالعہ کی اہمیت اور طریقہ کار (اقتباس) | 49 |
| | | | | 1 | | | | | ترجمہ | 50 |

# MODEL QUESTION PAPER - 1

Time : 3:15 Hours | Sub.: URDU (08) | Max Marks. 100

---

ہدایات: تمام سوالات لازمی ہیں

سوالات کے محاذی نشانات درج ہیں

**I ذیل کے سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے** **10x1 = 10**

1 ٹیپو کے خطوط سے کس خیال کی واضح تردید ہوتی ہے؟

2 روپا نے کونسا عبرت ناک نظارہ دیکھا؟

3 خانہ داری کے بکھیڑوں میں انسان کس طرح پھنس جاتا ہے؟

4 منٹو کے لیے بائیں ہاتھ کا کھیل کیا تھا؟

5 سوشل نیٹ ورکنگ سائٹس کیوں عوام میں مقبول ہوتے جا رہے ہیں؟

6 خوبصورتی زیور کی محتاج نہیں ہوتی۔اس بات کو مضمون نگار نے کس شعر سے واضح کیا ہے؟

7 علم وادب سے شمس الرحمٰن فاروقی کا تعلق کس نوعیت کا ہے؟

8 کس کے صدقے کوئی حاکم تو کوئی محکوم بنتا ہے؟

9 میر صاحب سفر کرنے پر کیوں مجبور تھے؟

10 اقبال کے مطابق مسلمانوں کو کس طرح کی تعلیم کی ضرورت ہے؟

**II (الف) ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے** **5x2 = 10**

11 بدھ رام اور روپا طبیعت کے کیسے تھے؟

12 احمد شاہ بخاری نے منٹو سے کیا کہا اور منٹو نے کیا جواب دیا؟

13 سوشیل میڈیا سے کیا مراد ہے؟

14 عورتوں کو زیور بیچ کر کیا کرنا چاہیے اور کیوں؟

15 ہندوستان میں اردو زبان کے حالات سے متعلق فاروقی صاحب نے کیا کہا ہے؟

16 سفر کے تعلق سے میر صاحب کی خاندانی وضع کیا تھی؟

17 غالب نے کن کن غموں کا ذکر کیا ہے؟

**(ب) ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:** **5x2 = 10**

18 خدا ہمیں کن چیزوں سے نوازے کہ محشر کے روز ہماری کلاہیں کج ہوں؟

19 شاعر نے عورت کو کس کس کی ہستی قرار دیا ہے؟

20 شاعر نے کس کو دنیا کی امانت سے تعبیر کیا ہے؟

21 شاعر نے جنگ کو ایک مسئلہ کیوں کہا ہے؟

22 بکاؤلی نے چاروں شہزادوں کو کیسا پایا؟

23 ابن زیاد نے ناقہ سوار سے کیا کہا؟

24 سروگنیہ نے اچھی صحبت کے لیے کیا نصیحت کی ہے؟

**III (الف) ان میں سے کسی تین سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے** 3x4 = 12

25 یہ بات کیوں نا قابل یقین ہے کہ ٹیپو نے ہندوؤں کے ساتھ مذہبی زیادتی کا ارتکاب کیا ہے؟

26 فراغت کے میسر وقت کو غنیمت جان کر انسان کو کیا کرنے کی تلقین کی گئی ہے؟

27 انشائیہ نگار نے کرسی کی کتنی قسموں کا ذکر کیا ہے؟

28 ادب کی بڑی خوبی کیا ہوتی ہے؟

29 مسلمانوں کے حالات اور ان کی تعلیم سے متعلق اقبال نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

**(ب) کسی تین جملوں کی بہ حوالہ متن وضاحت کیجیے:** 3x2 = 6

30 ''کاکی! اٹھو۔ میں پوریاں لائی ہوں''۔

31 ''معاوضہ میں اس لیے لیتا تھا کہ مجھے پیسوں کی ضرورت رہتی تھی''۔

32 ''میرا کان کاٹ لیا اور تم کلمہ پڑھنے کو کہہ رہے ہو''۔

33 ''اماں ذرا دیکھو تو بیڑوں کے دل کیسے دھڑک رہے ہیں''۔

34 ''فرخ ہوں، شہا! میں ابن فروز''۔

**IV (الف) 35 کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے:** 1x5 = 5

(i) گلزارِ نسیم (ii) اے شریف انسانو (iii) امن نامہ

**(ب) ذیل میں سے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے:** 5x2 = 10

36 سب کام آپس کے سونپ کے حق کوں، نچنت ہو = یہ ہے تمام مقصدِ گفت وشنید یہاں

37 اجی کیوں رلاتے ہو مجھ کو، تمھیں کیا = نہیں رحم آتا مری چشمِ تر پر

38 ہستی سے زیادہ ہے کچھ آرام عدم میں = جو جاتا ہے یہاں سے وہ دوبارا نہیں آتا

39 یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑ گئی = یوں لب کشا ہوئے گلستاں بنا دیا

40 جیسے صورت بتاتے ہیں پتا دیتی ہے سیرت کا = عبارت دیکھ کر جس طرح معنی جان لیتے ہیں

41 تجھ سے بچھڑے ہیں اب کس سے ملاتی ہے ہمیں = زندگی دیکھیے کیا رنگ دکھاتی ہے ہمیں

42 سنا ہے بولے تو باتوں سے پھول جھڑتے ہیں = یہ بات ہے تو چلو بات کر کے دیکھتے ہیں

**(ج) کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے:** 1x4 = 4

43 کس آسانی سے وہ ٹوٹے ہوئے دل جوڑ دیتا ہے
خوشی سے بولنا جس شخص کو معمول ہو جائے
عدم ہر مسئلہ دل کا سلجھا سکتا ہے خوبی سے
خرد انسان کی تھوڑی سے گر معقول ہو جائے

44 دردہی درد بھر گیا دل میں — اتنا حساس کر دیا غم نے
جب کسی آنکھ سے گرا آنسو — اپنی پلکوں پہ لے لیا ہم نے

45 **ذیل کے اشعار میں مستعمل کسی ایک تلمیح کا واقعہ لکھیے** **1x2 = 2**

i کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

ii معجزہ شق القمر کا ہے مدینہ سے عیاں
مہ نے شق ہو کر لیا ہے دین کو آغوش میں

V 46 **ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے:** **4x1 = 4**

چشم براہ ہونا — جان جوکھم میں رہنا — ڈنکے کی چوٹ پر کہنا — آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا
لگام لگانا — حالت غیر ہونا — رخصت ہونا

47 **ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:** **2**

1 نیکی کر..........................................میں ڈال
2 بھینس کے آگے..........................................**بجانا**
3 پانی میں رہ کر..........................................سے بیر
4 الٹا چور..........................................کو ڈانٹے

48 **کسی دو ضرب الامثال کی وضاحت کیجیے:** **2**

1 آدمی آدمی میں انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر
2 آج وہ کل ہماری باری ہے
3 سارے جہاں میں دھوم ہماری زبان کی ہے

49 **املا و قواعد کے اعتبار سے ان جملوں کو درست کیجیے** **2**

1 ہماری قوش قسمی ہے کہ ہم سب کامیاب ہو گیا۔
2 راط آسمان پر چاند چمکتے ہیں

50 **ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف لکھیے** **2**

1 تشبیہ — 2 صنعت تضاد — 3 صنعت تکرار

51 **ان الفاظ کو حروف تہجی (الفبائی) ترتیب میں لکھیے:** **2**

کرناٹک، کیرالا، کشمیر، تامل ناڈو، اڑیسہ، مہاراشٹرا، بہار،
اتر پردیش، راجستھان، گجرات

52 **ان مرکبات کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے** **2**

1 گل و ..........................................
2 طول و..........................................

3 فناو.........................................

4 رحم و........................................

53 چیف انجینئر، کرناٹک الیکٹرسٹی بورڈ گلبرگہ کے نام خط لکھ کر اپنے علاقے میں فوراً اسٹریٹ لائٹس کا انتظام کرنے کی درخواست کیجئے۔ 5

54 ذیل کے اقتباس کو پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ 5

مطالعے کی عادت، عمدہ اور قابل تقلید عادت ہے، اس لیے مطالعے کو حکیمانہ فعل سے تعبیر کیا گیا ہے۔ انسانی زندگی میں مطالعے کی اہمیت اس وجہ سے بھی ہے کہ یہ علم کے حصول کا واحد ذریعہ ہے۔ مطالعے کے بغیر نہ علم حاصل ہوسکتا ہے اور نہ ہی ذہنی نشوونما اور ترقی ممکن ہے۔ ذہنی نشوونما کے ضمن میں مطالعے کو وہی اہمیت حاصل ہے، جو جسم کے لیے ورزش کی ہے۔ مطالعہ انسان کو زندگی کا سلیقہ سکھاتا ہے۔ اس کی تنگ نظری اور تعصب کو مٹا کر دلوں کو فراخ دلی اور محبت کے جذبات سے سرشار کرتا ہے۔

1 مطالعہ کس طرح کی عادت ہے؟

2 مطالعہ کو کس سے تعبیر کیا گیا ہے؟

3 مطالعہ کے بغیر کیا ممکن نہیں ہے؟

4 مطالعہ کیا سکھاتا ہے؟

5 مطالعہ انسان کو کس سے سرشار کرتا ہے؟

55 ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑا زبان میں ترجمہ کیجیے: 5

1 ہندوستان 15/اگست 1947 کو آزاد ہوا۔

2 26/جنوری کو ہم یوم جمہوریہ مناتے ہیں۔

3 گاندھی جی بابائے قوم کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں۔

4 ابوالکلام آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم تھے۔

5 ہندوستان قومی یکجہتی کی عمدہ مثال ہے۔

.......................................................

## BLUE PRINT FOR MODEL QUESTION PAPER - 2

**Max Marks : 100** **Time : 3.15 Hours**

| Appreciation 5% | Expression 25% | | | Comprehension 40% | | | Knowledge 30% | | Syllabus | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 5 | 4 | 2 | 5 | 4 | 2 | 2 | 1 | | |
| | | | | | 1 | 1 | | 1 | ٹیپو سلطان کی مذہبی رواداری | 1 |
| | | | | | | 1 | 1 | 1 | بوڑھی کاکی | 2 |
| | | | | | | 1 | | 1 | وقت | 3 |
| | | | | | | | 1 | 1 | منٹو | 4 |
| | | | | | 1 | | | 1 | سماجی میڈیا | 5 |
| | | | | | 1 | 1 | 1 | 1 | زیور کا چکر | 6 |
| | | | | | | 1 | | 1 | شمس الرحمٰن فاروقی سے ایک ملاقات | 7 |
| | | | | | 1 | | | 1 | کرسی | 8 |
| | | | | | | 1 | | | ادب کیا ہے | 9 |
| | | | | | 1 | | 1 | 1 | خدا حافظ | 10 |
| | | | | | | 1 | | 1 | مکتوبات | 11 |
| | 1 | | | | | 1 | | | سورۂ فاتحہ | 12 |
| | | | | | | 1 | | | اے خدا | 13 |
| | | | | | | 1 | | | عورت | 14 |
| | 1 | | | | | 1 | 1 | | مثنوی گلزار نسیم | 15 |
| | | | | | | 1 | | | نوجواں سے | 16 |
| | 1 | | | | | | | | اے شریف انسانو | 17 |
| | | | | | | | | | امن نامہ | 18 |
| | | | | | | | | | ترانہ کرناٹک | 19 |
| | | | | | | | | | مرثیہ | 20 |
| | | | | | | 1 | | | وہ کیا دن تھے | 21 |
| | | | | | | 1 | | | جمال ہمنشیں | 22 |
| | | | 1 | | | | | | غزل ولی دکنی | 23 |
| | | | | | | | | | غزل انشاء اللہ خان انشاء | 24 |

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 1 | 2 | 2 | 4 | 5 | 2 | 4 | 5 | 5 |
| 25 | غزل ذوق دہلوی | | | | | | 1 | | | |
| 26 | غزل داغ دہلوی | | | | | | | | | |
| 27 | غزل فانی بدایونی | | | | | | | | | |
| 28 | غزل اصغر گونڈوی | | | | | | | | | |
| 29 | غزل فراق گورکھپوری | | | | | | 1 | | | |
| 30 | غزل شہریار | | | | | | 1 | | | |
| 31 | غزل احمد فراز | | | | | | 1 | | | |
| 32 | غزل وقار خلیل | | | | | | 1 | | | |
| 33 | غزل حسنیٰ سرور | | | | | | 1 | | | |
| 34 | قطعات عبدالحمید عدم | | | | | | | 1 | | |
| 35 | قطعات نریش کمار شاد | | | | | | | | | |
| 36 | قطعات عزیز بیلگامی | | | | | | | 1 | | |
| 37 | محاورات (جملوں میں استعمال) | 6 | | | | | | | | |
| 38 | ضرب الامثال | 3 | | | | | | | | |
| 39 | کہاوتیں | | 1 | | | | | | | |
| 40 | تلمیحات | | 2 | | | | | | | |
| 41 | علمِ عروض | | | | | | | | | |
| 42 | بلاغت | | 2 | | | | | | | |
| 43 | مضمون نویسی | | | | | | | | | |
| 44 | مکتوب نگاری | | | | | | | | | 1 |
| 45 | اصلاحِ زبان | 2 | | | | | | | | |
| 46 | کوائف شخصی | | | | | | | | | |
| 47 | لغت شناسی (الفبائی ترتیب) | | 1 | | | | | | | |
| 48 | تلفظِ الفاظ (مرکبات) | | 1 | | | | | | | |
| 49 | مطالعہ کی اہمیت اور طریقہ کار (اقتباس) | | | | | 1 | | | | |
| 50 | ترجمہ | | | | | 1 | | | | |

# MODEL QUESTION PAPER - 2

Time : 3:15 Hours | Sub.: URDU (08) | Max Marks. 100

ہدایات: تمام سوالات لازمی ہیں
سوالات کے محاذی نشانات درج ہیں

**I ذیل کے سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے** **10x1 = 10**

1 تخنجنڈ یشور مندر میں بادشاہ کے حکم سے کیا نصب کیا گیا؟

2 بڑھاپا اکثر کیا ہوتا ہے؟

3 دنیا میں کس چیز کی تلافی نہیں ہے؟

4 منٹو کو مسلم یونیورسٹی سے کیوں نکالا گیا؟

5 انٹرنیٹ نے پوری دنیا کو کس میں تبدیل کردیا ہے؟

6 ''زیور کا چکّر'' کا تعلق اردو نثر کی کس صنف سے ہے؟

7 علم وادب سے شمس الرحمٰن فاروقی کا تعلق کس نوعیت کا ہے؟

8 وہ کونسا کھیل ہے جس میں کرسیاں کم اور بیٹھنے والے زیادہ ہوتے ہیں؟

9 ڈراما ''خدا حافظ'' کے ڈراما نگار کون ہیں؟

10 ابوالکلام آزاد نے اپنا یہ خط کس مقام سے لکھا تھا؟

**II ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے:** **5x2 = 10**

11 ساردادیوی کی مورتی کی بے حرمتی کے متعلق سن کر ٹیپو نے جواب میں کیا لکھا؟

12 روپا نے کونسا عبرت ناک نظارہ دیکھا؟

13 وقت کے گذرنے کی وضاحت مضمون نگار نے کس طرح کی ہے؟

14 عورتوں کو زیور بیچ کر کیا کرنا چاہیے اور کیوں؟

15 فاروقی صاحب نے اپنے شجرۂ نسبت کے تعلق سے کیا بتایا ہے؟

16 اچھے ادیب کا کام کیا ہوتا ہے؟

17 جامعہ ملیہ قائم کرنے والے حضرات کو اقبال نے کیا مشورہ دیا ہے؟

**(ب) ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے** **5x2 = 10**

18 سورۂ فاتحہ میں اللہ کی کن صفات کا بیان کیا گیا ہے؟

19 رسول عربی ﷺ کے غزوات سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

20 شاعر نے عورت کو کس کس کی ہستی قرار دیا ہے؟

21 بکاؤلی سے اس کا نام اور وطن پوچھا گیا تو اس نے کیا جواب دیا؟

22 شاعر نے کس کو دنیا کی امانت سے تعبیر کیا ہے؟

23 نظم ''کیا دن تھے'' میں دادی ماں مصری کب اور کیسے دیتی تھیں؟

24 علم کے تعلق سے ڈی وی گنڈپا کا کیا خیال ہے؟

**III(الف) ان میں سے کسی تین کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے:** **3x4 = 12**

25 ٹیپو کے والد حیدر علی کی ہندوؤں کو ذمہ دار عہدوں پر مامور رکھنے کی پالیسی کو ٹیپو نے کس طرح جاری رکھا؟

26 بدلتے وقت کے ساتھ لوگوں کی ترسیل کے طریقے کس طرح بدلتے گئے؟

27 ''زیور کا چکر'' کے ذریعہ مضمون نگار نے کیا پیغام دیا ہے؟

28 نائی کی کرسی کا بیان انشائیہ نگار نے کس طرح کیا ہے؟

29 ڈراما ''خدا حافظ'' میں بلی کے راستہ کاٹنے کا قصہ اپنے الفاظ میں لکھیے؟

**(ب) کسی تین کی متن کے حوالے سے وضاحت کیجیے:** **3x2 = 6**

30 ''ایسے پیٹ میں آگ لگے۔ پیٹ ہے کہ آگ کا کنڈ''

31 ''معاوضہ میں اس لیے لیتا تھا کہ مجھے پیسوں کی ضرورت رہتی تھی''

32 ''کلمہ پڑھ کر سو جاؤ''

33 ''اماں۔ ذرا دیکھو تو بٹیروں کے دل کیسے دھڑک رہے ہیں''

34 ''پوچھا اے آدم پری رو انسان ہے، پری ہے، کون ہے تو؟''

**IV(الف) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے:** **05**

35 (i) سورۂ فاتحہ (ii) گلزار نسیم (iii) اے شریف انسانو

**(ب) ذیل میں دیے گئے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے** **5x2 = 10**

36 سب کام اپس کے سونپ کے حق کوں نچنت ہو — یہ ہے تمام مقصدِ گفت و شنید یہاں

37 ہستی سے زیادہ ہے کچھ آرام عدم میں — جو جاتا ہے یہاں سے وہ دوبارہ نہیں آتا

38 طبیعت اپنی گھبراتی ہے جب سنسان راتوں میں — ہم ایسے میں تیری یادوں کی چادر تان لیتے ہیں

39 گردشِ وقت کا کتنا بڑا احسان ہے کہ آج — یہ زمین چاند سے بہتر نظر آتی ہے ہمیں

40 سنا ہے رات اسے چاند تکتا رہتا ہے — ستارے بامِ فلک سے اتر کے دیکھتے ہیں

41 کتنا بھرپور ہے یہ طنز کہ آج — لوگ جینے کی دعا دیتے ہیں

42 اب کون پڑھے گا میرے حالات کا چہرہ — آتی ہے کسے تیرے سوا چہرہ شناسی

**(ج) کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے:** **04**

43 بہار و خزاں کم نگاہوں کے وہم — برے یا بھلے سب زمانے تیرے
عدم بھی ہے تیرا حکایت کدہ — کہاں تک گئے ہیں فسانے تیرے

44 اٹھے اور اٹھ کے اچانک سفر کا منظر ہے — نہ ہم سفر ہی، نہ رختِ سفر، نہ رہبر ہے

نظر سے کس لیے او جھل ہے آخرت کا سفر — یہی سفر تو ہر اک شخص کا مقدر ہے

**45** **ذیل کے اشعار میں مستعمل کسی ایک تلمیح کا واقعہ لکھیے** — 1x2 = 2

(i) کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب — آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

(ii) کیا کہا خضرؑ نے سکندر سے — اب کسے رہنما کرے کوئی

**46** **ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے:** — 4x1 = 4

چشم براہ ہونا     سر کے بال سفید کرنا     رفو چکر ہونا     رخصت ہونا

چھاتی پر سوار ہونا     دق کرنا

**47** **ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:** — 2

۱ مفلسی میں آٹا..............................

۲ کوّا چلا..............................کی چال

۳ سانچ کو..............................نہیں

۴ آسمان سے گرا..............................میں اٹکا

**48** **کسی دو ضرب الامثال کی وضاحت کیجیے:** — 2

۱ تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی

۲ دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں

۳ جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں

**49** **املا اور قواعد کے اعتبار سے ان جملوں کو درست کیجیے:** — 2

۱ گھڑی وقط بتا تا ہے

۲ ٹی وی پر قبریں نشر ہو رہا ہے

**50** **ان میں سے کسی ایک کی تعریف مع مثال لکھیے** — 2

۱ صنعت تکرار     ۲ صنعت تجنیس

**51** **ان الفاظ کو حروف تہجی (الفبیائی) ترتیب میں لکھیے** — 2

کتاب     قلم     پنسل     نوٹ بک     تصنیف     تالیف

مطالعہ     کاغذ     دوات     سیاہی

**52** **ان مرکبات کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے** — 2

۱ جسم و..............................

۲ رنج و..............................

۳ شمس و..............................

۴ دیر و..............................

53 اپنے علاقے کے الیکٹرسٹی بورڈ کے انجینئر کے نام خط لکھ کر اپنے علاقوں کے راستوں پر روشنی کا انتظام کرنے کی درخواست کیجیے: 5

**54 ذیل کے اقتباس کو پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے: 5**

ڈاکٹر کلام کا پورا نام ابوالفقی زین العابدین عبدالکلام ہے۔ وہ 15/ اکتوبر 1931ء کو ضلع رامیشورم میں پیدا ہوئے۔ آپ ایک غریب ماہی گیر گھرانے سے وابستہ تھے۔ انھوں نے اپنی ضروریات کے لیے اخبارات فروخت کرنے کا کام بھی کیا۔ بچپن سے انہیں سائنس اور ٹیکنالوجی میں دلچسپی تھی۔ 1982ء میں انھوں نے DRDL کے میزائل کے شعبے میں ملازمت اختیار کی۔ پھر برہم موس، اگنی، ترشول، پرتھوی، آکاش وغیرہ کے کامیاب تجربے کیے۔ پوکھرن کے نیوکلیر تجربے میں بھی انھوں نے نمایاں کردار ادا کیا۔

ان کی اعلیٰ صلاحیتوں کی بناء پر انھیں صدر جمہوریہ ہند منتخب کیا گیا۔ کلام صاحب نے ذات پات، اندھی تقلید، بھید بھاؤ، جیسی سماجی برائیوں کو سماج سے نکال باہر کرنے کی بھرپور کوشش کی۔

**سوالات:**

1 ڈاکٹر کلام کا پورا نام کیا تھا؟

2 ڈاکٹر کلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

3 بچپن میں اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کونسا کام کیا؟

4 1982ء میں انھوں نے کہاں ملازمت اختیار کی؟

5 ڈاکٹر کلام نے کون کونسے کامیاب تجربے کیے؟

**55 ان جملوں کا انگریزی میں ترجمہ کیجیے 5x1 = 5**

1 مطالعہ ایک اچھی عادت ہے۔

2 ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔

3 پرنب مکھرجی ہندوستان کے صدر ہیں۔

4 آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم پنڈت نہرو تھے۔

5 کتابیں علم کا دروازہ ہوتی ہیں۔

## BLUE PRINT FOR MODEL QUESTION PAPER - 3

**Max Marks : 100** **Time : 3.15 Hours**

| Appreciation 5% | Expression 25% | | | Comprehension 40% | | | Knowledge 30% | | Syllabus | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 5 | 4 | 2 | 5 | 4 | 2 | 2 | 1 | | |
| | | | | | 1 | 1 | | 1 | ٹیپو سلطان کی مذہبی رواداری | 1 |
| | | | | | | 1 | 1 | 1 | بوڑھی کاکی | 2 |
| | | | | | | 1 | | 1 | وقت | 3 |
| | | | | | 1 | 1 | 1 | 1 | منٹو | 4 |
| | | | | | 1 | | | 1 | سماجی میڈیا | 5 |
| | | | | | | | 1 | 1 | زیور کا چکر | 6 |
| | | | | | 1 | 1 | | 1 | شمس الرحمٰن فاروقی سے ایک ملاقات | 7 |
| | | | | | | 1 | | 1 | کرسی | 8 |
| | | | | | | | | 1 | ادب کیا ہے | 9 |
| | | | | | | 1 | 1 | 1 | خدا حافظ | 10 |
| | | | | | 1 | | | | مکتوبات | 11 |
| | | | | | | 1 | | | سورۂ فاتحہ | 12 |
| | | | | | | 1 | | | اے خدا | 13 |
| | | | | | | | | | عورت | 14 |
| | 1 | | | | | 1 | 1 | | مثنوی گلزار نسیم | 15 |
| | | | | | | 1 | | | نوجواں سے | 16 |
| | 1 | | | | | 1 | | | اے شریف انسانو | 17 |
| | | | | | | 1 | | | امن نامہ | 18 |
| | 1 | | | | | | | | ترانہ کرناٹک | 19 |
| | | | | | | | | | مرثیہ | 20 |
| | | | | | | | | | وہ کیا دن تھے | 21 |
| | | | | | | 1 | | | جمال ہم نشیں | 22 |
| | | | 1 | | | | | | غزل ولی دکنی | 23 |
| | | | 1 | | | | | | غزل انشاءاللہ خان انشاء | 24 |

| 5 | 5 | 4 | 2 | 5 | 4 | 2 | 2 | 1 | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | | | | | | غزل ذوق دہلوی | 25 |
| | | | | | | | | | غزل داغ دہلوی | 26 |
| | | | | | | | | | غزل فانی بدایونی | 27 |
| | | | 1 | | | | | | غزل اصغر گونڈوی | 28 |
| | | | 1 | | | | | | غزل فراق گورکھپوری | 29 |
| | | | | | | | | | غزل شہریار | 30 |
| | | | 1 | | | | | | غزل احمد فراز | 31 |
| | | | 1 | | | | | | غزل وقار خلیل | 32 |
| | | | | | | | | | غزل حسنیٰ سرور | 33 |
| | | | | | | | | | قطعات عبدالحمید عدم | 34 |
| | | 1 | | | | | | | قطعات نریش کمار شاد | 35 |
| | | 1 | | | | | | | قطعات عزیز بیلگامی | 36 |
| | | | | | | | | 6 | محاورات (جملوں میں استعمال) | 37 |
| | | | | | | | | 3 | ضرب الامثال | 38 |
| | | | | | | | 1 | | کہاوتیں | 39 |
| | | | | | | | 2 | | تلمیحات | 40 |
| | | | | | | | | | علمِ عروض | 41 |
| | | | | | | | 2 | | بلاغت | 42 |
| | | | | | | | | | مضمون نویسی | 43 |
| 1 | | | | | | | | | مکتوب نگاری | 44 |
| | | | | | | | | 2 | اصلاحِ زبان | 45 |
| | | | | | | | | | کوائف شخصی | 46 |
| | | | | | | | 1 | | لغت شناسی (الفبائی ترتیب) | 47 |
| | | | | | | | 1 | | تلفظِ الفاظ (مرکبات) | 48 |
| | | | | 1 | | | | | مطالعہ کی اہمیت اور طریقہ کار (اقتباس) | 49 |
| | | | | 1 | | | | | ترجمہ | 50 |

# MODEL QUESTION PAPER - 3

Time : 3:15 Hours | Sub.: URDU (08) | Max Marks. 100

ہدایات: تمام سوالات لازمی ہیں
سوالات کے محاذی نشانات درج ہیں

**I ذیل کے سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے** **10x1 = 10**

1 ولکس نے اپنی تاریخ میسور میں کونسے قصے بیان کیے ہیں؟

2 تلک کے جشن کی بیہودگیوں سے کون بیزار تھے؟

3 ڈپٹی نذیر احمد کا کونسا مضمون ہماری کتاب میں شامل ہے؟

4 منٹو کی زبان پر کونسا لفظ چڑھا ہوا تھا؟

5 گوگل پلس کیا ہے؟

6 ملّا نصیر الدین نے کوٹ کے چوری ہونے پر خدا کا شکر کیوں ادا کیا؟

7 شمس الرحمٰن فاروقی سے ایک ملاقات، کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

8 سائنس کے عروج نے کونسی کرسی ایجاد کر لی ہے؟

9 پرانے زمانے کی اچھی اور کارآمد باتیں کس پر لکھی جاتی تھیں؟

10 میر صاحب نے کونسے کھیلوں کی چیزیں رکھوائیں؟

**II ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے** **5x2 = 10**

11 انشائیہ نگار کے مطابق آدمی اور کرسی کا فرق کس لیے مٹتا جا رہا ہے؟

12 1793 میں سوامی کے خط کے جواب میں ٹیپو سلطان نے کیا لکھا؟

13 فتورِ عقل کے باوجود بوڑھی کاکی کیا جانتی تھی؟

14 رات کو سونے سے پہلے کس بات کا التزام کرنا چاہیے؟

15 منٹو کے مرض کے تعلق سے ڈاکٹر کیا کہتے تھے؟

16 عالمی اُردو ادب کی محفل میں اردو ادب کے مقام کے تعلق سے فاروقی نے کیا کہا ہے؟

17 سفر کے تعلق سے میر صاحب کی خاندانی وضع کیا تھی؟

**(ب) ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **5x2 = 10**

18 اللہ بلاشبہ کس دن کا مالک ہے؟

19 شاعر نے خدا سے سینۂ مسلم کے لیے کیا طلب کیا ہے؟

20 بکاؤلی جادو سے کیا بنی اور کہاں آملی؟

21 شاعر نے انقلاب کے تعلق سے نوجوانوں کو کس بات کی تلقین کی ہے؟

22 شاعر کے مطابق کس کے خلاف جنگ کرنی چاہیے؟

23 شاعر نے تاج محل اور اجنتا کے تعلق سے کن خواہشات کا اظہار کیا ہے؟

24 بسویشور نے ہمسایے سے کس طرح پیش آنے کی تلقین کی ہے؟

**III (الف) ان میں کسی تین کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے** 3x4 = 12

25 ٹیپو سلطان کے تعلق سے مختلف مورخین کے خیالات کیا تھے؟ جائزہ لیجیے؟

26 منٹو کے بچے کی موت کا واقعہ خاکہ نگار نے کس طرح بیان کیا ہے؟

27 حکومت سوشیل میڈیا پر لگام لگانے کی کوشش کیوں کر رہی ہے؟

28 فاروقی صاحب نے نوجوان نسل بالخصوص اُردو زبان وادب سے وابستہ افراد کو کیا نصیحت کی ہے؟

29 مسلمانوں کے حالات اور ان کی تعلیم سے متعلق اقبال نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

**(ب) کسی تین کی متن کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔** 3x2= 6

30 ''اماں سوتی ہیں جگاؤں گی تو ماریں گی''

31 ''اب میں 'ساقی' کا فرانسیسی نمبر نکالنا چاہتا ہوں''

32 ''کلمہ پڑھ کر سو جاؤ''

33 ''یہی کہ بلی راستہ کاٹ گئی اور ملازم کو چھینک آ گئی''

34 ''گل ہوں کوئی تو چمن بتاؤں غربت زدہ کیا وطن بتاؤں''

**IV (الف) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے** 05

35 (i) اے شریف انسانو (ii) گلزار نسیم (iii) کرناٹک

**(ب) ذیل میں دیے گئے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔** 5x2 = 10

36 سب کام آپس کے سونپ کے حق کوں پخت ہو — یہ ہے تمام مقصدِ گفت وشنید یہاں

37 مجھے رونا آتا ہے شمع سحر پر — کہ بیچاری اب مستعد ہے سفر پر

38 ہم رونے پہ آ جائیں تو دریا ہی بہا دیں — شبنم کی طرح سے ہمیں رونا نہیں آتا

39 آلامِ روزگار کو آساں بنا دیا — جو غم ہوا اسے غمِ جاناں بنا دیا

40 بہت پہلے سے ان قدموں کی آہٹ جان لیتے ہیں — تجھے اے زندگی ہم دور سے پہچان لیتے ہیں

41 سنا ہے بولے تو باتوں سے پھول جھڑتے ہیں — یہ بات ہے تو چلو بات کر کے دیکھتے ہیں

42 کتنا بھرپور ہے یہ طنز کہ آج — لوگ جینے کی دعا دیتے ہیں

**(ج) کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے** 04

43 پھر بھی دنیا سے امید وفا ہے — تجھے اے زندگی! کیا ہو گیا ہے

بڑی ظالم نہایت بے وفا ہے — یہ دنیا پھر بھی کتنی خوش نما ہے

44 اٹھے اور اٹھ کے اچانک سفر کا منظر ہے — نہ ہم سفر ہی، نہ رخت سفر، نہ رہبر ہے
نظر سے کسی لیے او جھل ہے آخرت کا سفر — یہی سفر کو ہر اک شخص کا مقدر ہے

45 **ذیل کے اشعار میں مستعمل کسی ایک تلمیح کا واقعہ لکھیے** 1x2 = 2

(i) ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود وایاز — نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

(ii) نارِ نمرود کو کیا گلزار — دوست کو یوں بچا لیا تو نے

46 **ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے** 4x1 = 4

آگ بگولا ہونا — آپے سے باہر ہونا — دبے پاؤں نکلنا
دال نہ گلنا — خاک میں ملانا — ہوا سے باتیں کرنا

47 **ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے** 2

۱ نیکی کر.........................میں ڈال — ۲ پانچوں انگلیاں.........................میں
۳ بھینس کے آگے.........................بجانا — ۴ سوسنار کی ایک.........................کی

48 **کسی دو ضرب الامثال کی وضاحت کیجیے** 2

۱ اونٹ کے منہ میں زیرہ

۲ صبر کا پھل میٹھا

۳ زمین کھا گئی آسماں کیسے کیسے

49 **املا اور قواعد کے اعتبار سے ان جملوں کو درست کیجیے** 2

۱ ٹی وی پر قبریں نشر ہو رہا ہے

۲ احمد صدا خوش رہتا ہے

50 **ان میں سے کسی ایک کی تعریف مع مثال لکھیے** 2

۱ تشبیہہ — ۲ صنعت تکرار

51 **ان الفاظ کو حروف تہجی (الفبائی) ترتیب میں لکھیے** 2

ایک — دو — تین — چار — پانچ
چھ — سات — آٹھ — نو — دس

52 ان مرکبات کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے 2

۱ نشیب و..............................

۲ جدید و..............................

۳ ارض و..............................

۴ شب و..............................

53 اپنے کالج کے پرنسپال کے نام خط لکھ کر بہ وجہ خرابی صحت، دو دنوں کی رخصت منظور کرنے کے لیے درخواست کیجیے 5

54 ذیل کے اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیے گیے سوالات کے جواب لکھیے 5

مطالعے کی عادت، عمدہ اور قابلِ تقلید عادت ہے۔ اسی لیے مطالعے کو نہ صرف شریفانہ فعل سے بلکہ حکیمانہ فعل سے تعبیر کیا گیا ہے۔ انسانی زندگی میں مطالعے کی اہمیت اس وجہ سے بھی ہے کہ یہ علم کے حصول کا واحد ذریعہ ہے۔ مطالعے کے بغیر نہ علم حاصل ہوسکتا ہے اور نہ ہی ذہنی نشو ونما اور ترقی ممکن ہے۔ ذہنی نشو ونما اور ترقی کے ضمن میں مطالعے کو وہی اہمیت حاصل ہے، جو جسم کے لیے ورزش کی ہے۔ مطالعہ انسان کو زندگی کا سلیقہ سکھاتا ہے۔ اس کی تنگ نظری اور تعصب کو مٹا کر دلوں کو فراخ دلی اور محبت کے جذبات سے سرشار کرتا ہے۔

مطالعے کی غیر معمولی اہمیت کے باوصف اپنے ذوق مطالعہ کو مہمیز کرنے اور خوب سے خوب تر علم حاصل کرنے کے ضمن میں مناسب کتابوں کا انتخاب خاصی توجہ کا تقاضہ کرتا ہے۔ بلاشبہ کتابیں علم کا دروازہ Gateway of Knowledge ہوتی ہیں کیوں کہ دنیا کے سارے بڑے بڑے حکیموں کی حکمتیں اور دانشوروں کی دانشوری کتابوں ہی کی مرہون منت ہے۔

اپنے مزاج اور ضرورت کے مدنظر کسی کتاب، مضمون یا اخبار کی تحریر کے انتخاب کے بعد یہ طے کرنا ضروری ہے کہ اس کے مطالعے کی غرض وغایت کیا ہے۔ کیوں کہ بقول مولوی عبدالحق: ''بغیر کسی مقصد کے مطالعہ فضول ہی نہیں مضر بھی ہوتا ہے''۔ پھر جو چیز پڑھنی ہے، یہ ضروری نہیں ہے کہ اُسے ابتدا سے آخر تک پڑھا جائے۔ مطالعہ کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ پہلے زیر مطالعہ تحریر پر سرسری نگاہ ڈال لی جائے اور اندازہ کرلیا جائے کہ اپنے لیے ضروری مواد تحریر میں کہاں کہاں موجود ہے۔ پھر ان نشان زد حصوں کو پڑھ لینے سے کم وقت میں مطلوبہ معلومات کا حصول ممکن ہے۔ مطالعے کے لیے لازم شرط ہے کہ مطالعے کے وقت اطمینان وسکون اور خلوص وسنجیدگی کے دامن کو تھامے رکھا جائے۔ ممتاز ماہر تعلیم لارڈ میکالے کا قول ہے۔ ''جلد بازی سے پوری کتاب پڑھ لینے سے بہتر ہے کہ صرف ایک صفحہ سکون واطمینان اور دل جمعی سے پڑھا جائے۔''

**سوالات**

۱ مطالعے کی عادت کیسی عادت ہے؟

۲ مطالعے کے بغیر کیا ممکن نہیں ہے؟

۳ بلاشبہ کتابیں کیا ہوتی ہیں اور کیوں؟

۴ مولوی عبدالحق نے مطالعے کے بارے میں کیا کہا ہے؟

۵ مطالعے کے لیے لازم شرط کیا ہے؟

**55 ان جملوں کا انگریزی یا کنڑا زبان میں ترجمہ کیجیے**

ا کتاب ہماری بہترین دوست ہے۔

۲ بچے کی پہلی استاد اس کی ماں ہوتی ہے۔

۳ 26 رجنوری کو ہم یوم جمہوریہ مناتے ہیں۔

۴ پرہیز علاج سے بہتر ہے۔

۵ سوشیل میڈیا ہماری زندگی کا ناگزیر حصہ بن چکا ہے۔

..............................